گرامر 3d کمزور حرف اور ھمزہ والے افعال: شَاءَ
برائے صفحہ

اس سبق میں ہم ایسا فعل سیکھیں گے جس میں ہمزہ بھی ہے اور کمزور حرف بھی، اور وہ ہے: شَاءَ۔ اس کے صیغے بناتے وقت یہ خیال رکھیے:

- ماضی کی چابی: شَاءَ۔ آگے شَاءْتَ کے بجائے آرام سے کہیے شِئْتَ۔ بقیہ صیغے اسی طرز پر ہوں گے۔
- قرآن کریم میں شَاءَ صرف ماضی اور مضارع کی شکل میں آیا ہے۔ اس لیے ہم انہی صیغوں کو سیکھ رہے ہیں۔

235 شَاءَ: اس نے چاہا (خانوں کے الفاظ میں 2 افعال کی چابیاں ہیں)

شَاءَ	اس نے چاہا	يَشَاءُ	وہ چاہتا ہے
شَاءُوْا	ان سب نے چاہا	يَشَاءُوْنَ	وہ سب چاہتے ہیں
شِئْتَ	آپ نے چاہا	تَشَاءُ	آپ چاہتے ہیں
شِئْتُ	میں نے چاہا	أَشَاءُ	میں چاہتا ہوں
شِئْتُمْ	آپ سب نے چاہا	تَشَاءُوْنَ	آپ سب چاہتے ہیں
شِئْنَا	ہم سب نے چاہا	نَشَاءُ	ہم سب چاہتے ہیں
شَاءَتْ	اس عورت نے چاہا	تَشَاءُ	وہ عورت چاہتی ہے

عربی بول چال

هَلْ شَاءَ خَيْرًا؟ نَعَمْ، شَاءَ خَيْرًا.

هَلْ شَاءُوْا خَيْرًا؟ نَعَمْ، شَاءُوْا خَيْرًا.

هَلْ شِئْتَ خَيْرًا؟ نَعَمْ، شِئْتُ خَيْرًا.

هَلْ شِئْتُمْ خَيْرًا؟ نَعَمْ، شِئْنَا خَيْرًا.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ تَشَاءُوْنَ خَيْرًا؟ نَعَمْ، نَشَاءُ خَيْراً.

شَاءَ ہی کی طرح جَاءَ (وہ آیا) ہے۔ جَاءَ بِـ (آیا ساتھ، یعنی لایا)۔ یہ فعل صرف ماضی کی حالت میں آیا ہے۔ ہم یہاں صرف ماضی کی پریکٹس کریں گے، ان شاء اللہ!

جَاءَ، جَاءُوا، جِئْتَ، جِئْتُ، جِئْتُمْ، جِئْنَا، جَاءَتْ

شَاءَ اور جَاءَ کی طرح خَافَ (وہ ڈرا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔